میں نے قرآنی دلائل میں سے صرف چند ایک پیش کئے ہیں، کیونکہ اس مختصر سے مضمون میں زیادہ کی گنجائش نہ تھی۔ ورنہ قرآن مجید میں ابھی بے شمار دلائل موجود ہیں جنہیں اس موضوع پر پیش کیا جانا چاہیے۔ لیکن کیا کیا جائے، جب علم کا معیار یہ ہو جائے کہ اگر جادوگر کو غیب کا علم ہو سکتا ہے اور کلنٹن کو ہمارے خفیہ ایٹمی پروگرام کی جزئیات تک کا علم ہو سکتا ہے تو ہمارے نبی پاکؐ کو علمِ غیب کیوں نہیں ہو سکتا؟ میں اسی قسم کی ایک اور دلیل پر اپنا مضمون ختم کرتا ہوں۔ جب روسی مدارِ ارضی میں گئے اور امریکی چاند پر اترے تو ہمارے ایک کرم فرما بڑے شدومد سے معراج النبیؐ کی صداقت پر اس واقعہ سے استدلال کیا کرتے تھے۔ ایک دن میں نے ان سے پوچھ لیا کہ اس واقعہ کے رونما ہونے سے پہلے معراج کی صداقت اہلِ اسلام کیسے ثابت کرتے تھے؟ تو وہ جھینپ سے گئے۔ یہ ہمارے علم کی کوتاہی کہ ہم جادوگر اور کلنٹن کی مثالوں سے حضور ﷺ کا علمِ غیب ثابت کرتے ہیں اور تسخیر قمر سے معراج کی صداقت پر دلیل پکڑتے ہیں۔ بھائیو! جادوگر اور کلنٹن جو کچھ معلوم کر لیتے ہیں وہ خارجی ذرائع اور اسباب کا محتاج ہے، جبکہ علمِ غیب وہ علم ہے جو اللہ باری تعالیٰ کی ذات پاک جتنا ہی قدیم ہے۔ جادوگر کو جو آج معلوم ہوا وہ اسے کل معلوم نہ تھا۔ اور کلنٹن کو جو اطلاع آج ملی ہے کل اس کے پاس نہ تھی اور ان دونوں کو آنے والے کل کی کوئی خبر نہیں ہے۔ امریکیوں کا چاند پر اترنا، راکٹ کے وسیلے کا محتاج ہے جبکہ حضور اقدس ﷺ کا سفر معراج اللہ باری تعالیٰ کی قدرت کا فقید المثال مظہر ہے۔

وما توفیقی الا باللہ۔


اُمتِ مسلمہ میں فکری اعتدال کا علمبردار علمی وتحقیقی مجلہ ...... محدثین کی علمی روایات کا امین اور فکری تحریک کا ترجمان

ماہنامہ محدث لاہور

علم وادب کے مرکز لاہور سے بتیس سال سے شائع ہونے والا پاکستان کا مقبول ترین علمی وتحقیقی مجلہ

**علماء، دانشور، وکلاء، خطباء، طلباء اور اَہل فکر ونظر کی اوّلین پسند**

☆ ۳ سال سے نئی آب وتاب کے ساتھ ہر ماہ باقاعدہ شائع ہورہا ہے ☆

**خوبصورت کمپوزنگ، معیاری سفید کاغذ، دیدہ زیب طباعت، ۸۰ صفحات**

ہر شمارے میں ۵ سے زائد اہم مضامین جن میں سے ہر ایک اپنے موضوع پر مکمل کتابچہ ہے

قومی اُمور پر اسلامی نقطہ نظر، کتاب وسنت، فقہ واجتہاد، ایمان وعقائد اور دارُ الافتاء کے مستقل سلسلے

اسلام اور جدید مغربی اَفکار پر ہر ماہ اہم مضامین ...... نامور محققین، معروف علماء کی تحریریں

عالم اسلام کی علمی تحریکوں کا تعارف وتبصرہ اور منتخب عربی مضامین کے تراجم

محدث میں شائع ہونے والے مضامین اکثر دینی جرائد اور اخبارات دوبارہ شائع کرتے ہیں!

جدید سودی نظریات اور اسلام، جادو کے شرعی توڑ، اسلام کے لئے کمپیوٹر کے استعمالات، مغربی تحریکِ نسواں وغیرہ کے موضوعات پر محدث کے مضامین منفرد اہمیت رکھتے ہیں!

اگر آپ غور وفکر کا رجحان اور لکھنے پڑھنے کا ذوق رکھتے ہیں تو محدث ہی آپ کی تشنگی کو دور کر سکتا ہے!

نمونہ کا پرچہ مفت منگوانے کیلئے صرف ایک فون کریں...... گھر بیٹھے سال بھر وصول کرنے کیلئے ۲۰۰ روپے منی آرڈر کریں

**ماہنامہ محدث:** ۹۹ جے ماڈل ٹاؤن، لاہور 54700 فون: 5866476, 5866396